© rasailojaraid.com



# زبان میری ہے بات اُن کی

ساغر اقبالی

- خاتون نے رمضان بازار میں بچے کو جنم دے دیا۔ (ایک خبر)

کہ وہ بھی آٹے کے انتظار میں لگ جائے۔

- جسٹس افتخار چودھری سے انصاف کی توقع رکھتا ہوں۔ (پرویز مشرف)

میر کیا خوب ہیں بیمار ہوئے جس کے سبب
اُسی عطار کے لونڈے سے دوا لیتے ہیں

- چینی مضر صحت ہے، عوام کم استعمال کریں۔ (وفاقی وزیر)

صرف حکمرانوں کے استعمال کے لیے ہے

- پولیس کی ملی بھگت، ملتان سمیت جنوبی پنجاب میں جعلی کرنسی بنانے والے دو گروہ متحرک۔ (ایک خبر)

نوٹ پہ نوٹ بناؤ تمہیں ڈر کس کا ہے

- مجھے کوئی ہاتھ نہیں لگا سکتا۔ (پرویز مشرف)

خدا کے ہاں دیر ہے اندھیر نہیں

- افغانستان میں ناکامی یا غیر ملکی فوج کے انخلا سے پاکستان کو خطرہ ہوگا۔ (وال سٹریٹ جرنل)

اس ساری تباہی و بربادی کا ذمہ دار کون ہے۔

- گوجر خان: آٹے کی پرچی کے لیے لائن میں کھڑا شخص جاں بحق۔ (ایک خبر)

آٹا نظر آتا ہے تو چینی نہیں ملتی
چینی نظر آتی ہے تو آٹا نہیں ملتا

- لال مسجد میں صرف 90 آدمی ہلاک ہوئے۔ (پرویز مشرف)

قاتل کی پکڑ کے لیے تو ایک قتل بھی بہت ہے۔

- قادیانی سربراہ مرزا مسرور کا اپنے پیروکاروں کو الطاف حسین کے لیے دعا کا حکم (ایک خبر)

اللہ نہ کرے الطاف حسین کو قادیانیوں کی دعا لگے



© rasailojaraid.com